**Office of Administrative Trials and Hearings**
*Help Center*

# اگر آپ کو ریاست نیو یارک کے چرس کے قانون کی خلاف ورزی کے الزام میں طلب کیا گیا ہے تو آپ کے لئے معلومات

## ریاست نیو یارک کا چرس کا قانون کیا ہے؟

لائسنس کے بغیر چرس یا چرس کی مصنوعات کی فروخت، تقسیم یا مفت فراہمی میں شامل ہر فرد یا کاروبار پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ NYC شیرف قانون کی خلاف ورزی کرنے والے شخص کو یہ رویہ چھوڑنے کا حکم دے سکتے ہیں۔ شیرف وہ جگہ سیل کرنے کا حکم بھی جاری کر سکتے ہیں جہاں لوگ اس طریقے سے چرس کے قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہوں جس سے "فوری خطرہ" پیدا ہوتا ہو (مثلاً اسکول کے نزدیک یہ کام کرنا، نابالغ افراد کو بیچنا، جگہ پر بلا لائسنس کام، بند کرنے کے ابتدائی حکم کے بعد بھی جگہ کھولے رکھنا وغیرہ)۔

## اگر مجھے طلب کیا جائے تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ طلبی کے اگلے اور پچھلے حصے پر اپنے اختیارات کے متعلق دی گئی ہدایات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اگر آپ طلبی پر اعتراض کرنا چاہیں تو آپ کو طلب کیے جانے کے پانچ کاروباری ایام کے اندر اندر OATH پر سماعت کے حصول کا حق حاصل ہے۔ OATH کو اس طلبی پر سماعت کا انعقاد کرنے، ان طلبیوں پر فیصلے جاری کرنے اور شیرف کو جگہ سیل کرنے کے احکامات کے متعلق تجاویز دینے کا قانونی حق حاصل ہے۔ آپ کو اپنی قانونی نمائندگی حاصل کرنے کا حق حاصل ہے لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔ سماعت پر آپ اپنی پسند کی زبان کے مفت مترجم کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو اپنا ثبوت پیش کرنے اور اپنے گواہ بلانے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ طلبی پر درج سماعت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے اعتراض کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو nyc.gov/oath/reschedule پر یا کسی OATH سماعت کے مقام کا دورہ کر کے ایک مرتبہ درخواست کر سکتے ہیں کہ سماعت کا وقت دوبارہ طے کیا جائے۔

## کیا میں سماعت میں شرکت کے بجائے طلبی کی ادائیگی کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ سماعت میں شرکت کے بجائے طلبی کی ادائیگی کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنی سماعت کی طے شدہ تاریخ سے پہلے ایسا کر سکتے ہیں۔ آپ آن لائن، بذریعہ ای میل یا فنانس بزنس سنٹر کے کسی بھی ڈپارٹمنٹ میں ادائیگی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی سماعت کی تاریخ سے پہلے ادائیگی کرتے ہیں تو آپ الزام قبول کر رہے ہیں۔

تاہم اگر شیرف نے سیل کرنے کا حکم بھی جاری کیا تھا تو آپ کی طلبی کی ادائیگی سے سیل کرنے کے حکم پر اثر نہیں ہو گا اور اس مقام کو نہیں کھولا جائے گا۔ سیل کرنے کے حکم کو چیلنج کرنے کے لئے آپ OATH پر طے شدہ سماعت میں شرکت کر سکتے ہیں۔

## ریاست نیو یارک کے چرس کے قانون کی خلاف ورزیوں کے الزام کے متعلق طلبی پر کیسے جواب دیا جا سکتا ہے؟

ضروری ہے کہ طلبی موصول ہونے کے بعد اور طبی کی سماعت کی تاریخ سے پہلے آپ جلد از جلد OATH سے رابطہ کریں۔ سماعت کی درخواست کرنے کے لئے آپ اس بورو کو ای میل کر سکتے ہیں جہاں مبینہ خلاف ورزی پیش آئی تھی: برونکس: RemoteBronx@oath.nyc.gov؛ اسٹیٹس آئلینڈ: RemoteSI@oath.nyc.gov؛ بروکلن: RemoteBKLYN@oath.nyc.gov؛ مینہیٹن: RemoteManhattan@oath.nyc.gov؛ کوئینز: RemoteLIC@oath.nyc.gov۔ براہ مہربانی اپنی ای میل کردہ درخواست میں تمام طلبیوں کے نمبر درج کرنا یقینی بنائیں۔

اگرچہ آپ جلدی OATH سماعت کا حق رکھتے ہیں (طلبی جاری ہونے کے 5 دن کے اندر اندر)، اگر آپ کیس کا وقت تبدیل کریں، کیس ملتوی کریں کہ طلبی پر درج سماعت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے طلبی کا جواب نہ دیں تو آپ جلد سماعت کا حق کھو دیں گے۔

## اگر میں طلبی کا جواب نہ دوں اور سماعت میں نہ آؤں تو کیا ہو گا (ڈیفالٹ)؟

اگر آپ سماعت سے پہلے طلبی کی ادائیگی نہ کریں اور آپ یا آپ کا نمائندہ سماعت میں شرکت کر کے طلبی پر اعتراض نہ کریں تو آپ کو ڈیفالٹ طور پر خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیا جائے گا اور ڈیفالٹ کی ہر طلبی کے لئے 10,000$ کا جرمانہ عائد کیا جائے گا اور سیل کرنے کا حکم ایک سال تک جاری رکھا جا سکتا ہے۔

OATH کے اصول ڈیفالٹ کرنے والے فریقین کو ڈیفالٹ ختم کرنے اور طلبی اور سیل کرنے کے حکم پر نئی سماعت حاصل کرنے کی درخواست کرنے کا موقع دیتے ہیں۔ ڈیفالٹ کے بارے میں مزید جاننے اور نئی سماعت کی درخواست کے لئے ضروری فارم کی تلاش کے لئے nyc.gov/hearings ملاحظہ کریں۔

## سماعت پر کیا ہوتا ہے؟

سماعت پر سماعت کا افسر طلبی کا جائزہ لے گا اور NYC شیرف (درخواست گزار) اور آپ (جواب دہندہ) دونوں کو ثبوت اور دلائل پیش کرنے کا موقع دے گا۔ آپ خود آ سکتے ہیں یا اپنے ساتھ یا اپنی جگہ مجاز نمائندہ لا سکتے ہیں۔ سماعت کا افسر تعین کرے گا کہ آیا طلبی کو مسترد کیا جائے یا جاری رکھا جائے اور خلاف ورزی جاری کی جائے۔ اگر طلبی میں سیل کرنے کے حکم کا حوالہ شامل ہو تو سماعت کا افسر اس بات کا بھی جائزہ لے گا کہ آیا سیل کرنے کا حکم مناسب طریقے سے جاری کیا گیا تھا یا نہیں۔

## سماعت کے بعد کیا ہوتا ہے؟

سماعت کے بعد OATH فریقین کو تحریری فیصلہ ارسال کرے گا۔ *طلبی* کے متعلق OATH کا فیصل حتمی انتظامی تعین ہو گا اور اس کے خلاف OATH میں یا NYC شیرف کے پاس اپیل دائر نہیں کی جا سکتی۔ *سیل کرنے کے حکم* کے متعلق OATH کا فیصلہ سماعت کے اختتام کے چار (4) کاروباری ایام بعد NYC شیرف کے حتمی تعین سے مشروط ہے۔ سیل کرنے کے حکم کے متعلق کوئی معلومات جمع کروانے کے لئے آپ NYC شیرف سے 2100-707 (718) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اگر سماعت کے بعد مجھے خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو کیا جرمانہ ہو گا؟

اگر آپ کو خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو خلاف ورزی جاری رہنے تک ہر روز 10,000$ جبکہ زیادہ سے زیادہ 25,000$ کا جرمانہ ہو گا۔ جرمانے آئین کے تحت طے شدہ ہیں اور انہیں کم یا ختم نہیں کیا جا سکتا اور بصورت دیگر ان پر گفت و شنید نہیں کی جا سکتی۔ اگر سماعت کا افسر NYC شیرف کو سیل کرنے کا حکم جاری رکھنے کی تجویز دے تو NYC شیرف سماعت کے اختتام کے چار (4) کاروباری ایام کے اندر اندر سیل کرنے کے حکم کا حتمی تعین کرے گا۔

## اگر میں سیل کرنے کے حکم کے بارے میں سوالات کرنا چاہوں تو؟

براہ مہربانی NYC شیرف سے 2100-707 (718) پر رابطہ کریں۔

**مزید معاونت کے لئے براہ مہربانی بذات خود کسی بھی OATH مقام پر OATH ہیلپ سنٹر سے پیر تا جمعہ، صبح 8 تا شام 5 بجے، 436-0845 (212) پر بذریعہ ٹیلیفون، یا Manhelpcenter@oath.nyc.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔**